Fikr-o-Nasar (Islamabad) 23:3 (1986)

فکرونظر، جلد ۲۳، شمارہ ۳ (۱۹۸۶ء)، ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد پاکستان .

# نقد و تبصرہ

۱ ۔ جام طہور ، ضخامت ۲٦۲ صفحات ، قیمت : قسم اول، ۳۰ روپے ۔ قسم دوم، ۳۰ روپے

۲ ۔ صبح صادق ، ضخامت صفحات ، قیمت : قسم اول، ۳۰ روپے قسم دوم ، ۲۰ روپے

از

جناب عبدالرحمن عاجز مالیر کوٹلوی

ناشر : رحمانیہ دارالکتب ، امین پور بازار ، فیصل آباد ،

دونوں دیوان مجلد ، پلاسٹک کا گرد پوش ، کاغذ کتابت طباعت عمدہ ۔

کسی دور میں شاعری کے مقاصد محدود سمجھے جاتے تھے ۔ لیکن شاعری ایسی قوت ہے جو خود اپنے لئے حدود بڑھاتی رہتی ہے۔ شاعری حالات و حوادث سے پیدا شدہ قلبی واردات کی ترجمانی ہوتی ہے ، اور جب تک دما دم صدائے کن فیکون جاری ہے شاعری بھی اس سے غیر جانبدار نہیں رہ سکے گی ، اگر ایک آدمی دل میں درد محسوس کرتا ہے تو وہ جس قسم کا بھی ہو اس کے اظہار کے لئے سب سے موزوں و مناسب وسیلہ اظہار شاعری ھی ہو سکتی ہے ، دل کے درد کو نہ آرٹسٹ اپنی تصویر میں سمو سکتا ہے نہ مصور، یہ شاعر کا حصہ ہے اور وھی اس میدان کا شہسوار ہے ۔

تصور کیجئے اس دل کا جو قوم کے سرمایہ حیات یعنی دین کے لٹ جانے پر تڑپ رہا ہو ، جسے قوم کے کردار میں اخلاق اور خوف